# تحقیق صحت کا مستقبل ہے۔





بی سی چلڈرن ہسپتال میں، ایک ہزار سے زیادہ طبی محققین تحقیق کی حدود کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ لیکن وہ یہ اکیلے نہیں کر سکتے۔

جب آپ اور آپ کے گھر والے تحقیق میں حصہ لیتے ہیں، تو آپ بچوں کی صحت کو بہتر بنانے میں ہماری مدد کر رہے ہیں۔




**BC Children's Hospital Research Institute**

938 W 28th Ave, Vancouver, BC V5Z 4H4

www.bcchr.ca


آرٹ ورک اور ڈیزائن : Diana Salcedo

## کیا آپ تحقیق میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں؟ آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

- تحقیق کے موضوع کے بارے میں جانیں۔
- سوالات پوچھیے!
- فیصلہ کرنے سے پہلے سوچنے کے لیے وقت نکالیں۔

یہاں مزید جانیں

**www.bcchr.ca**



یہ معلومات نے فراہم کی ہیں۔

نام : ____________________

ای میل : ____________________

فون : ____________________

## آپ کی رضامندی کی درخواست ہے۔



رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے کا مطلب ہے کہ آپ تحقیق میں حصہ لینے کے لیے تیار ہیں، لیکن آپ تحقیق کو کسی بھی وقت چھوڑ سکتے ہیں اور آپ کے تمام حقوق محفوظ ہیں۔

ہم سچائی اور دیانتداری کو اہمیت دیتے ہیں۔ رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے سے پہلے، تحقیق کی ٹیم یہ یقینی بنائے گی کہ

1. آپ سمجھتے ہیں کہ تحقیق کیا حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور آپ سے کیا کرنے کو کہا جائے گا۔
2. آپ تحقیق میں اپنی شرکت سے متعلق ممکنہ خطرات اور فوائد کو سمجھتے ہیں۔
3. آپ کے پاس سوالات پوچھنے کا موقع ہے اور آپ کے تمام سوالات کے جوابات دیے جائیں گے۔

## آپ کو معلوم ہونا چاہئے:

### آپ کی شرکت آپ کی مرضی سے ہے۔

- ✔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں تو آپ کو حصہ لینے کی ضرورت نہیں ہے۔
- ✔ آپ کسی بھی وقت تحقیقی مطالعہ چھوڑ سکتے ہیں۔
- ✔ اگر آپ تحقیق میں شرکت نہیں کرتے یا پھر تحقیق کو بیچ میں چھوڑ دیتے ہیں، تو بھی آپ کو وہ طبی دیکھ بھال یا دیگر خدمات ملتی رہیں گی جن کے آپ حقدار ہیں یا حاصل کر رہے ہیں۔

### آپ کی رازداری محفوظ ہے۔

- ✔ آپ کے رازداری کے حقوق کو وفاقی اور صوبائی قوانین کے ذریعے قانونی تحفظ حاصل ہے، جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے حفاظتی اقدامات کا تقاضا کرتے ہیں کہ آپ کی رازداری کا احترام کیا جائے۔
- ✔ آپ کی شناخت اور معلومات صرف تحقیقی ٹیم کے پاس ہے اور آپ کی شناخت ظاہر کرنے والی کوئی بھی معلومات آپ کی رضامندی کے بغیر کبھی شائع نہیں کی جائے گی۔

## تحقیق کیوں ضروری ہے؟

تحقیق صحت اور بیماری کے بارے میں ہماری سمجھ کو بڑھانے، علاج کو بہتر بنانے اور نئے علاج تلاش کرنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔

چلڈرن ہسپتال ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ایک مشتمل اور بلا امتیاز تحقیقی ادارہ ہے۔
ہم مختلف ثقافتوں اور پس منظر سے تعلق رکھنے والے تمام لوگوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

مختلف نوعیت کی شرکت کے ساتھ، تحقیق کی دریافتوں کا اثر زیادہ وسیع ہو سکتا ہے اور یہ زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچا سکتی ہے۔

